Music By C. Ramchandra

جیمنی کا

نغمۂ صحرا

اداکاران

جینتی مالا - پدمنی

گنپت

زنن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)

راج تلک کے گانے

گانا نمبر ۱

ہو دیکھو آئی رے ہو کالی گھٹا
چھائی رے ہو کالی گھٹا۔ جاگا ڈلوں کا پیار
ہو بھیا ہو بھیا
ہے مالک رکھیّا رے
ہم اس پار ہماری رانی ہے اُس پار
پریت کی ریت ہم نے لی ٹھان
تیں تو بیوں رے کوئی بولے نہ بولے
ڈولوں رے کوئی ڈولے نہ ڈولے
پلٹ نہ بولونگی نہ بولونگی ۔ اب تیرے لاکھ بلائے نہ بولونگی
کیسے راہ کیا ہو پوری کیسے چھنا جلائی جائے
مانا لوہے کی دیواریں لیکن نہ گھبرائے
آنسو کی گنگا جمنا سے تن کو نہلائے
پھر دھیرے سے دھرتی ماں کی گود میں ماں کو سلائے
آگ لگائے ——
جلتے دل کے شعلوں کو لے چھنا جلائے
اپنا دھرم نبھائے —— نہ بولوں گی ——
نمبر ۲ — لے پومنرا لے تو
بعد پھر لوٹ کے یہ دن نہیں آئیگا

مَن لاگا یہ سوچ اُڑا لو
ارمان نکال لو کھیلو ــــ بے لو منزا لے لو
نمبر۴:۔ چلنا سنبھل کے جی سنبھل سنبھل کے چلنا گاڑی والے
دیکھ گلی کے کنارے گاڑی رے چلائے
نازک نازک دل ہے میرا
ڈر ہے نہ کھائے جیا دھچکے نہ کھائے دھچکے دھچکے میرا تو بولے
یہ تو میٹھے میٹھے ہچکولے لگیں ہلکے ہلکے
منزل ہے کتنی دُور جانوں نہ ہائے رے
سوچ کے یہ ہی میرا جیا گھبرائے رے ہوئے آئی شام
ایک نہ تارا جھلکے
میلوں کی کوسوں کی تو دیکھ نہ دُوری
من میں جو آشا تیری ہوگی وہ پوری
سورج نکلے گا پھر ایک بار ڈھل کے
نمبر۵:۔ پنجرے کے ہیں پنچھی رے ہم
پنجرے میں ہی نکلے گا دم
نہ بولو پیار کی بات رے بھیا ــ ہو بھیا ہو بھیا
کیسا یہ ناطہ اور کیسا یہ ناتا
جیون ہے کالی رات رے بھیا ــ ہو بھیا ــ
نمبر۶:۔ روپ کی رانی بن ٹھن کے ڈولی جائے ہو
کلی سمجھ کے بھنوروں کی ٹولی گائے ہو
ہیرے پھیری جو انکھیاں مٹکائے ہو

موتی بکھریں جو ہنس کے منہ کا گئے ہو
جہاں سے چلے آئے بھاگن آئے ہو
کلی سمجھ کے بھنوروں کی ٹولی گا گئے ہو
ہمکہ: - اوجانِ جگر دیکھو ادھر
میری نظر کیا کہہ رہی
چاہتی ہوں تجھ کو نگاہوں سے باندھ لوں
چاہوں سے باندھ لوں آہوں سے باندھ لوں
اور دل کے پاس لیکر سانسوں سے باندھ لوں
تو مجھ کیسے میں کچھ کہوں - اوجانِ جگر
بچکے راجہ بچکے ارے بچکے
کیسے جاؤ گے راجہ ہو
پھولوں کے ہار ماروں رنگ رنگ کے پیار ماروں
نینوں کے بان ماروں کس کس کے کیسے جاؤ گے
میں نے سیکھی مچھلی پکڑنی پریت نگر کے تال سے
جاؤ گے تم کیسے میرے نینوں کے جال سے
یہ نینوں کا جالا میں نے تجھ پہ ڈالا
تو ہے بھولا بھالا ارے تو ہے بھولا بھالا
مجھ کو جو پایا نہ اپنا بنایا نہ
دے دونگی جان راجہ ہنس ہنس کے - کیسے جاؤ گے
آپہنچے آپہنچے - آرزو کا تاج لے راتوں کا راج لے
آرہی ہے جھومتی اک بڑی دلہن نئی

حسن کو سنوار کے — آرزو کا تاج لے
گیت گاؤ پیار کے ہر طرف ہے بہار کے
آپس میں ایک ہو دل ملے ہیں آج دو
بعد انتظار کے — جانِ جگر

نمبر ۸:- مار نہ سکتا کوئی رے جس کو راکھے رام
جس کو راکھے رام اسکو ڈرنے کا کیا کام
جے جے رام سیتا رام

نمبر ۹:- بم بھولا نام بم بھولا
کہاں گئے تم ارے ڈھونڈ رہے ہم
چلے آؤ بے دھڑک - کھلی صاف ہے سڑک
ارے بھگتن
پھونک دے سنکھ ذرا بھر کے دم بم بم بم بم
کھینچ پھرا ہیں دنیا ساری
ملی نہ انکھیوں کی جوت تمہاری - کبھی خیننا او سنساری
مادھو کی تینی کرے رکھواری
اِدھر اُدھر کیوں بھٹک رہے ہو بھگتوں کا یہ دھام
کر لو کچھ آرام یہاں تم - یہیں ملیں گے رام

نمبر ۱۰:- دل جو دے دوں گی راجہ خیال کے
رکھو گے کیا تم سنبھال کے
جب سے دیکھا تجھے میں تیری ہو گئی
ہائے غلطی یہی بس میری ہو گئی - ہائے بلے بلے

نہ سوچا نہ سمجھا نہ دیکھا نہ بھالا
اپنے ہی ہاتھوں سے دل کو اُچھالا
کہ ٹکڑے ہوئے ہائے گیا نہ سنبھالا
سمجھو گے تم بھی کہ ہم کتنے بھولے
خود ہی جگائے محبت کے شعلے
اپنی ہی نظروں سے نظریں بچا کے
لگائے جگر سے بنائے پھپھولے
اور اپنے ہی ہاتھوں چھپولی ہوئی ۔ ہائے تیری ہوئی
بلے بلے بلے

ملہار ۔ آج نہ جانے رہ رہ کیوں
دل یہ میرا ڈولے
زندگی کی ناؤ چلی جائے ہولے ہولے رے
دل یہ میرا ڈولے ۔ آج نہ جانے
پنچھی دو دیسوں کے بھولے انجانے
ابھی ملے ابھی اُڑے کون دیس نہ جانے
ایک تو پوچھے کون ہو سنگی ایک نہ مُنہ سے بولے
دل یہ میرا ڈولے ۔ آج نہ جانے
نیا چلی جائے رے لہروں کے سہارے
دور کہیں چھپے سپنے ہمارے
کون ہے جو راز نصیبوں کے یہاں کھولے
دل یہ میرا ڈولے ۔ آج نہ جانے

نمبر۲ :- جھمر جھمر جھوم جھوم رے
راجہ کے قدموں کو دولت چومے
دولت کے قدموں کو شہرت چومے
بڑے بڑے محل گھومیں۔ نگر گھومے ڈگر گھومے
جہاں گئی نظر گھومیں

نمبر۳ :- ہونے لگا ہے کیوں یہ دل بے قرار
کہتے ہیں آرہا ہے موسم بہار کا
آجا تو راجہ آجا موسم بہار ہے
امبوا کے نیچے تیرا انتظار ہے ۔ آجا تو راجہ
ابھی دیکھو اڑی کوئلیا بول کے
بڑا مزا ہے پہلا پہلا پیار ہے ۔ آجا تو راجہ
ارے بچ بچ بچ بچ بچنا
ہمیں تو لائی ہیں ایک طوفان
ارے ہٹ ہٹ ہٹ ہٹ ہٹنا ۔ جلتے ہیں دل میں ارمان
رہیں نہ تو آئیں تجھے دوں مٹا
ہے قیامت کی ہر ایک ادا تو بھی دیکھ ذرا
ارے سن سن سن سن سن رے ۔ آگ بھرا میرا راگ ہے
ارے ہٹ ہٹ لگی ٹلنا ۔ ارے دوں گی میں تجھ کو مٹا
ارے دوں گی میں تجھ کو جلا
گنگا کی دھارا کو روک سکے گی
پیار رکے نہ کسی کے بھی روکے

دیکھا نہ تو نے کسی کا بھی ہو کے
پیار میں اپنا سب کچھ کھو کے ——— پیار رُکے نہ
میدان میں آ ذرا تو باتیں نہ کوری بنا
سامنے بھی تو آ ذرا کچھ کر کے دکھا ر
کہتی ہے کیا سرگم میری جواب دے تو
کہتی ہے کیا پائل میری جواب دے تو
میرے ہر گیت کا میرے سنگیت کا
میری ہر چال کا میری ہر تال کا جواب دے تو
سیّاں کے من میں تجھے آنے نہ دوں گی میں
میری ہر بنت کا پہرہ لگا من بھر مانے نہ دوں گی میں
کوئل سے سیکھی گانا میں نے ناچنا بن کے مور سے
سیکھا کنول سے من کا لبھانا
دل کا چرانا سیکھا چندا کی کور سے
لگتی ہوں تیری اگرچہ نہیں
رہ جائے نہ تیرے یہیں کی یہیں
شاید یہ تو نے سنا ہی نہیں
گرجتے ہیں جو وہ برستے نہیں
بجلی میں مجھ کو بتائی ہے کیا
گرجنا ہے کیا اور برسنا ہے کیا
تیرا کسی سے نہ پالا پڑا
جو آتا ہے مجھ کو وہ کر کے دکھا